© rasailojaraid.com



# آیئے، اپنے کو بدلیں

شاید دنیا کا سب سے مشکل کام اپنے کو بدلنا ہے

## ہمارا مشاہدہ ہے کہ

— جو دیر سے آتا ہے، دیر سے ہی آتا ہے۔

— جس کی جماعت میں رکعتیں رہ جاتی ہیں، اسی کی ہمیشہ رہ جاتی ہیں۔

— جو پہلی صف میں جگہ لیتا ہے، ہمیشہ ہی لیتا ہے۔

— جو وعدہ پورا کرتا ہے، ہمیشہ ہی کرتا ہے۔

— جو وقت پر ادائگی کرتا ہے، ہمیشہ وقت پر ادائگی کرتا ہے۔

## یہ کیوں نہیں ہوتا کہ

— دیر سے آنے والے وقت پر آنے لگیں۔

— وعدہ پورا نہ کرنے والے وعدہ پورا کرنے لگیں۔

— بیوی سے بدسلوکی کرنے والے، حسنِ سلوک کرنے لگیں۔

— خط کا جواب نہ دینے والے، جواب دینے لگیں۔

وعلیٰ ہذا القیاس............

ہماری ساری تحریک، جدوجہد اور پروگراموں کا مقصد یہ ہے کہ تبدیلی آئے۔

— اہلِ کفر، کفر کو چھوڑ کر اسلام لے آئیں۔

— اہلِ نفاق، نفاق ترک کر کے سچا ایمان لے آئیں۔

— بے عمل مسلمان، باعمل مسلمان بن جائیں۔

دوسروں سے ہمارے مطالبے بہت بڑے ہیں۔ کچھ خود اپنے آپ سے کریں، اور انھیں پورا کریں۔

اپنا جائزہ لیں، معمولی اور بڑی، ہر طرح کی خامیوں کو دُور کریں، اپنے کو بدلیں۔

برائی سے نیکی کی طرف، بری عادتوں سے اچھی عادتوں کی طرف سفر جاری رکھیں، قیام نہ کریں۔

ہر آنے والا دن، گزرے ہوئے دن سے بہتر ہو۔

© rasailojaraid.com

(خیر خواہ)